(نہم کلاس 12018)

اردو لازمی گروپ دوسرا (نیو کورس)

حصہ انشائیہ

تعلیمی سیشن 2015 - 2017 تا 2017 - 2019

وقت=2 گھنٹے 10

کل نمبر=60

## حصہ اول

۲۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے)

حصہ نظم (تین اشعار کی تشریح)

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا
اک بندہ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں
جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحاب بہار سے

حصہ غزل (دو اشعار کی تشریح)

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز
اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر
میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

(vii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

## حصہ دوم

۳۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان ' خط کشیدہ الفاظ کے معانی سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے 10 = 5+5

(الف) تشریف آوری کی خبر مدینے میں پہلے پہنچ چکی تھی۔ تمام شہر ہمہ تن چشم انتظار تھا۔ معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے کہ پیغمبر ﷺ آرہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے اور دوپہر تک انتظار کرکے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے۔

(ب) جمن شیخ اور الگو چودھری میں بڑا یارانہ تھا۔ ساجھے میں کھیتی باڑی ہوتی، لین دین میں بھی کچھ ساجھا تھا۔ ایک کو دوسرے پر کامل اعتماد تھا۔ جمن جب حج کرنے گئے تھے تو اپنا گھر الگو کو سونپ گئے تھے اور الگو جب باہر جاتے تو جمن پر اپنا گھر چھوڑ دیتے۔

۴۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے 10

(1) حضرت اسماءؓ کون تھیں اور انہوں نے کیا خدمات انجام دیں؟

(2) الطاف حسین حالی کی کوئی سی دو تصانیف کے نام لکھیے۔

(3) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(4) آرام وسکون سبق کے حوالے سے ہمسائے کی کون سی حرکات میاں کے آرام میں خلل ڈالتی تھیں

(5) ڈراما لہو اور قالین میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟

(6) بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

(7) علامہ اقبالؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(8) بلبل کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے 5

(i) ہجرت نبوی ﷺ (ii) ملکی پرندے اور دوسرے جانور

۶۔ نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے 5

۷۔ والدہ کے نام خط بیمار پرسی کے لیے لکھیے **یا** ہیلتھ آفیسر صاحب کے نام صفائی کی درخواست لکھیے 10

۸۔ "دودھ میں پانی" کے عنوان پر ایک کہانی لکھیے۔ **یا** دکان دار اور خریدار کے درمیان مکالمہ لکھیے 5

۹۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے 5

(i) مجھ نے غلطی کر دی۔ (ii) اس نے کمر کو باندھا اور کام شروع کر دیا (iii) دو جگ، پانچ پلیٹیں اور ایک گلاس ٹوٹ گئے۔

(iv) اچھا لڑکی محنتی ہے (v) لہو لگا کر شہیدوں شامل ہونا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال مکمل کیجیے

(i) پاک رہو............ (ii) جتنی چادر دیکھیے............ (iii) ماروں گھٹنا............

(iv) گڑ سے جو مرے تو............ (v) لو سوچ ہے کھا کے............

DGK-9-2-18

3(sub)-12018-60000

ParhloPakistan.com